نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

15 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

511/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

پاکستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں ملیریا کی روک تھام کیلئے امریکی اعانت

اسلام آباد (15 ستمبر 2010ء) ___ امریکہ نے آج اعلان کیا ہے کہ وہ پاکستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں ملیریا کی روک تھام کیلئے 42 کروڑ 80 لاکھ روپے (پانچ ملین ڈالر) فراہم کر رہا ہے۔

کسی قدرتی آفت کے بعد فوری بحالی کے عرصے کے دوران صحت عامہ کی ضروریات سے عہدہ برآ ہونے کیلئے قبل از وقت خبردار کرنے اور سراغ لگانے کے نظام فیصلہ کن حیثیت کے حامل ہوتے ہیں۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) پاکستان کی وزارت صحت کے اشتراک سے اقوام متحدہ کے صحت کے عالمی ادارے (ڈبلیو ایچ او) کو ملیریا کی روک تھام کیلئے اس کے پروگراموں کیلئے رقم فراہم کر رہا ہے۔

یہ فنڈز فوری تشخیص کیلئے استعمال ہونے والی کٹس اور ملیریا کے علاج کیلئے ادویات کو پیشگی طور پر ممکنہ متاثرہ مقامات پر پہنچانے کیلئے استعمال ہوں گے۔ یہ خطرے سے دوچار آبادیوں کو ملیریا پھوٹ پڑنے کی علامات سے پیشگی خبردار کرنے والے تعلیمی پروگراموں پر بھی صرف ہوں گے۔

امریکہ اب تک پاکستان کے عوام کو ہنگامی انسانی ہمدردی کی امداد کے طور پر 22 ارب روپے (261 ملین ڈالر) سے زیادہ کی اعانت فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ نے حلال کھانوں، تیار شدہ فولادی پُلوں اور دوسرے اقتصادی ڈھانچے کی صورت میں دیگر سویلین اور فوجی امداد کے ساتھ ساتھ پاکستان میں امداد لانے اور متاثرہ علاقوں میں پہنچانے اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی مد میں بھی 3 ارب چالیس کروڑ روپے (40 ملین ڈالر) مالیت کی اعانت فراہم کی ہے۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2082000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹر زلین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5268800